(3)

بخدمت جناب چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان

اعتراضات برائے ابتدائی حلقہ بندی حلقہ PP120,PP121 ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ و کیے جانے درستگی۔

جناب عالی!

گزارش ہے کہ میں حلقہ PP120 کا ووٹر اور رہائشی ہوں۔ابتدائی طور پر جو حلقہ PP120 بنایا گیا مجھے اس پر اعتراضات ہیں۔

حلقہ PP120 جو کہ اس طور پر حلقہ ترتیب دیا گیا ہے کہ سٹی میونسپل کمیٹی ٹوبہ (آبادی 87,210)، قانونگوئی Toba-I (آبادی 99,395) اور Toba-II (آبادی 57,112) اور چوہلہ قانونگوئی (آبادی 1,19,974) کل آبادی 3,63,691 پر مشتمل ہے۔

جبکہ حلقہ PP121 اس طور پر حلقہ ترتیب دیا گیا ہے کہ رجانہ قانونگوئی (آبادی 1,78,421)، چٹیانہ قانونگوئی (آبادی 76,534)، کھیکھا قانونگوئی (آبادی 82,378) تحصیل پیرمحل کے تین پٹوار سرکل 327 گ ب، 328 گ ب، 332 گ ب (آبادی 42,075) کل آبادی 3,71,851 پر مشتمل ہے۔

چوہلہ قانونگوئی (آبادی 1,19,974) کو PP120 میں شامل کر دیا گیا ہے جبکہ یہ سابقہ ادوار میں سابقہ PP87 اور موجودہ PP121 میں شامل رہا ہے۔ان کے چکوک کا فاصلہ ٹوبہ ٹیک سنگھ سٹی سے 40/45 کلومیٹر بنتا ہے۔جبکہ اس برعکس چٹیانہ قانونگوئی (آبادی 76,534) پہلے بھی PP86 اور موجودہ PP120 میں شامل رہا ہے کیونکہ ان چکوک کا فاصلہ ٹوبہ ٹیک سنگھ سٹی سے 2 کلومیٹر ہے اور شہر سے بہت ہی قریب واقع ہے۔ اگر چٹیانہ قانونگوئی کو PP120 میں شامل کر دیا جائے تو عوام کو بہت سہولت اور فائدہ ہوگا۔اسی طرح تحصیل پیرمحل

(4)

کے تین پٹوار سرکل (آبادی 42,075) چٹیانہ قانونگوئی کے ساتھ واقع ہونے کی وجہ سے PP121 میں شامل کر دیئے گئے ہیں۔ان کو بھی چٹیانہ قانونگوئی کے ساتھ PP120 میں شامل کر دیا جائے تو عوام کو بہت سہولت اور فائدہ ہوگا۔مندرجہ بالا تبدیلی کی صورت میں دونوں حلقہ کی آبادی میں کوئی خاص فرق نہ پڑتا ہے۔حلقہ PP120 کی کل آبادی جو کہ 3,63,691 ہے اس میں سے اگر چوہلہ قانونگوئی (آبادی 1,19,974) کی آبادی منہا کر دی جائے اور حلقہ PP120 میں چٹیانہ قانونگوئی (آبادی 76,534) اور تحصیل پیر محل کے تین پٹوار سرکل (آبادی 42,075) کی آبادی شامل کر دی جائے تو حلقہ PP120 کی آبادی 3,60,326 بنتی ہے جبکہ حلقہ PP120 کی سابقہ آبادی 3,63,691 بنتی تھی۔اسی طرح بالترتیب حلقہ PP121 میں سے چٹیانہ قانونگوئی (آبادی 76,534) اور تحصیل پیر محل کے تین پٹوار سرکل (آبادی 42,075) منہا کر دی جائے اور اس میں چوہلہ قانونگوئی (آبادی 1,19,974) کی آبادی شامل کر دی جائے تو حلقہ PP121 کی کل آبادی 3,75,216 بنتی ہے۔جب کہ اس کی سابقہ آبادی 3,71,851 تھی اس طرح تبدیلی کی صورت میں دونوں حلقوں میں صرف تین ہزار آبادی کا فرق پڑتا ہے۔

بحالات بالا استدعا ہے کہ حلقہ بندی میں درستگی فرما مشکور فرمائیں۔انصاف پروری ہوگی۔

عــــــــــرضــــــــــے

امجد علی ولد قائم دین ساکن قائم سٹریٹ قائم سنٹر شورکوٹ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

شناختی کارڈ نمبر: 33303-8875846-7

0300-6569347